فوری ریلیز کے لیے: 2024/26/6   گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا مضر اخراج میں تخفیف کے لیے قدرتی حلوں اور کاربن جذب کرنے کے عمل کے لیے 21.5$ ملین سے زیادہ کا اعلان

نیچرل کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج کے ذریعے 8.5$ ملین نوازے گئے ہیں

اب ایسے پروجیکٹس کے لیے 13$ ملین دستیاب ہیں جو شدید گرمی کے اثرات میں تخفیف اور بلڈنگز سے ہونے والے مضر اخراج میں کمی کرتے ہیں

یہ ریاست کے سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیچرل کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج (چیلنج) کے راؤنڈ 1 کے ذریعے 8.5$ ملین سے زیادہ فراہم کیے جا چکے ہیں تاکہ جدید قدرتی نوعیت کے حل تیار کیے جا سکیں جو کاربن کے اخراج کو کم کریں اور جو فضا سے کاربن کو الگ کرتے ہوں۔ مزید برآں، اب چیلنج کے راؤنڈ 2 کے ذریعے ایسے پروجیکٹس کے لیے 13$ ملین سے زیادہ دستیاب ہیں جو شدید گرمی کے اثرات میں تخفیف کرتے ہوں اور بلڈنگز سے ہونے والے اخراج میں کمی لاتے ہوں، جبکہ اس میں شدید گرمی سے متاثر ہونے کا سب سے زیادہ خطرہ رکھنے والی پسماندہ کمیونٹیز سمیت کمزور ترین طبقوں کو براہ راست فوائد پہنچانے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ آج کا اعلان 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے ریاست کے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی معاونت کرتا ہے۔

"نیو یارک کے مکین جب کسی آزمائش سے دوچار ہوتے ہیں، تو وہ اس کا حل تلاش کرنے کے لیے آستین چڑھا کر میدان میں نکل آتے ہیں، اس میں اُس شدید گرمی کا توڑ تلاش کرنا بھی شامل ہے کہ جو ہمارے موسمیاتی بحران کے خلاف لڑائی میں ایک چلن بن چکی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ سرمایہ کاریاں معاشی مواقع تخلیق کرنے اور نیو یارک کو ایک موسمی حل تلاش کرنے کے لیے جدتوں کے گڑھ کے طور پر شکل دینے کے ساتھ ہی ساتھ، بڑھتے درجۂ حرارت سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کے خطرے سے دوچار طبقوں کو مزاحم اور صحت مند تر کمیونٹیز کی یقینی شکل دینے کے وسیع تر عزم کا حصہ ہیں۔"

<u>راؤنڈ 1 کے ایوارڈز</u>

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیاریٔ توانائی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے زیرِ انتظام، چیلنج پروگرام کے ذریعے منتخب کیے گئے سات پروجیکٹس مضر اخراج میں کمی اور زیادہ مزاحمت کے حامل رہائشی ماحول کی تیاری میں حصہ ڈالیں گے۔ اس کے لیے ایسے پروپوزلز طلب کیے گئے تھے جو فضا میں موجود کاربن کو جذب کرنے کے لیے جدت کے حامل حل رکھتے ہوں، میتھین کے اخراج میں کمی کرتے ہوں، اور عمارتوں میں توانائی کی بچت والے نظاموں کی تنصیب کا عمل آگے بڑھاتے اور نئے تعمیراتی نقطۂ نگاہ اختیار کرتے ہوں جو کہ نیو یارک میں موسمیاتی اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ مزید برآں، NYSERDA نے ایسے پروپوزلز کی حوصلہ افزائی کی تھی جو زمین کے معیاری استعمال، مزاحمت اور قابلِ تجدید توانائی میں اضافے، فضائی و آبی آلودگی میں کمی لانے،

توانائی کی سروسز کی لاگتوں میں کمی فراہم کرنے، اور ماحولیاتی اعتبار سے مستعد صنعتوں میں ملازمتوں کی تشکیل کو تحریک دے کر محروم کمیونٹیز اور ماحولیاتی انصاف کے شعبوں کو فائدہ پہنچا سکتے ہوں۔

راؤنڈ 1 کے ایوارڈ یافتگان میں شامل ہیں:

- **اسمبلی OSM** - یونیورسٹی آف مین میں واقع ایڈوانسڈ اسٹرکچرز اینڈ کمپوزٹ سینٹر اور SHoP آرکیٹیکٹس کے اشتراک کے لیے 2.3$ ملین، تاکہ حیاتیاتی نوع کے حامل اور کاربن کے کم اخراج والے دو نئی طرح کے تعمیراتی سامان کی تیاری و نمائش کی جائے جسے پہلے سے تیار شدہ عمارتی سامان کے ہمراہ انضمام کرتے ہوئے نیو یارک شہر جیسے گنجان شہری ماحول میں عمارات کو زیادہ موثر بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکے۔
- **ہیمپیٹیکچر** - مقامی سطح پر پیدا ہونے والی صنعتی ہیمپ ریشے کو استعمال کرتے ہوئے ایک جدید، حیاتیاتی نوع کے حامل انسولیشن پروڈکٹ کی تیاری اور مصنوعہ کاری کے لیے 1.1$ ملین۔ یہ پروجیکٹ کم کاربن کے اخراج والے انسولیشن کی کارکردگی، گرین ہاؤس گیس کے اخراج، اور اس سے وابستہ لاگتوں کی پیمائش کرے گا۔ پروڈکٹ کی نمائش اور مصنوعہ کاری کی تخمینہ کاری گرو-NY ریجن (فنگر لیکس، مرکزی نیو یارک، اور جنوبی سلسلہ) میں کی جائے گی۔
- **فائٹواسٹون** - دیواروں اور چھتوں کے لیے انٹیریئر آرکیٹیکچرل ٹائلز کی تیاری اور انہیں کاروباری روپ دینے کے لیے 1.5$ ملین، جو مقامی زرعی فضلے سے کاربن کو جذب کرتی ہوں جبکہ انسولیشن کا زیادہ موثر کام کرتی ہوں۔ اس فنڈنگ نے فائٹواسٹون کو بفلو، نیو یارک میں آنے کا موقع دیا ہے جہاں اس کا ہدف مقامی سطح پر تیار شدہ حیاتیاتی اشیاء اور ریاستِ نیو یارک پر مبنی مصنوعہ کاری کو تحریک دینا ہے۔
- **ری-نبل** - ریاست نیو یارک میں فضلے سے متعلقہ میتھین میں کمی کے لیے ایک گردشی کاروباری ماڈل کی تنصیب کی خاطر 516,000$، جو کہ گل سڑ جانے کے قابل گملوں کی تیاری کے لیے مستند ہیمپ بائی پروڈکٹس اور پودوں سے ملنے والے دیگر ریشوں کے دوبارہ استعمال کے ذریعے سے ہو گا، نیز اس سلسلے کے کنارے پر موجود صارفین (یعنی مٹی کے بغیر پودے اگانے والے) کی معاونت ہو سکے گی؛ پروجیکٹ کے مقامات میں بفلو، راچسٹر، جینیوا اور نیو یارک شہر شامل ہیں۔
- **اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کالج آف انوائرمنٹل سائنس اینڈ فاریسٹری (SUNY-ESF)** - ریاست نیو یارک میں کاشت کی جانے والی لکڑی کی اشیاء کے لائف سائیکل اینالسز کو بہتر بنانے کے لیے 546,000$، تاکہ کاربن جمع کرنے والے میٹیریئلز کے لیے ٹول (-Tool for Assessing Carbon Storing Materials, TACSMA) کو ایک مستحکم، شفاف اور اوپن سورس فریم ورک کے طور پر تیار کیا جا سکے۔ اس ٹول کے نفاذوں میں بلڈنگ پروڈکٹس کے لیے بہتر انوائرمنٹل پروڈکٹ ڈیکلیئریشنز (Environmental Product Declarations, EPDs) اور ریاست نیو یارک میں عمارتی سامان کے حصول اور پالیسی کے حوالے سے مطلع کرنا شامل ہے۔
- **سن تھرو** - کے لیے 1.7$ ملین تاکہ وہ اپنے تیز رفتار ایروجیل مصنوعہ کاری طریقۂ کار اور SeeThruTM ایروجیل میٹیریئلز میں بہتری لا سکیں جو کہ موجودہ ڈبل پین ونڈو انفرا اسٹرکچر میں ٹرپل پین ونڈو پرفارمنس دیتے ہیں۔ پروڈکٹ کی نمائش میں اسکینیکٹڈی کے یونین کالج میں تنصیب کا کام شامل ہو گا۔ سن تھرو کے تخمینوں کے مطابق توقع ہے کہ ان کی پروڈکٹ، واحد خاندان پر مشتمل گھرانے کی توانائی کی ضروریات میں 13 فیصد تک کمی لائے گی جبکہ یہ ٹرپل پین ونڈوز کے موازنے میں کاربن کا کم اخراج کرتی ہے۔
- **سیراکیوز یونیورسٹی** - MycoCore نامی پراڈکٹ کی تیاری اور مظاہرے کے لیے 846,000$، جو توانائی کے موثر استعمال کی خاطر، ایک منفرد پینلائزڈ حل کے ذریعے سے عمارتوں کے بیرونی جانب استعمال ہونے والی کم کاربن جذب کرنے والے نظاموں سے نمٹتی ہے، جو کہ علاقائی زرعی فضلے کو استعمال کرتے ہوئے تیار شدہ بائیو کمپوزٹس کے ذریعے تیار کی گئی ہے، جو اپنی زندگی کے ہر مرحلے پر دوبارہ قابل استعمال ہوتی ہے، اور اسکیننگ ٹیکنالوجی کے ذریعے مصنوعہ کاری پر مبنی کام کا طریقہ کار رکھتی ہے جو کہ ڈیزائن اور تعمیراتی لاگتوں میں کمی کرے گی، ریاست نیو یارک میں مصنوعہ کاری کے عمل کو آگے بڑھائے گی اور پروڈکٹ کی سپلائی چین کو مقامی روپ دے گی۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیاریٔ توانائی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا کہ، "ہر سال نیو یارک گرمی کی شدید لہروں کے زیادہ کثرت سے آنے سے وابستہ آزمائشوں اور خطرات کا سامنا کرتا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے فنڈنگ کا نیا مرحلہ تفویض کیا گیا ہے۔ جن پروجیکٹس کو نوازا گیا تھا، ان میں پیش رفت پر نگاہ رکھنے اور اخراج میں کمی کے امکان رکھنے والے ایسے نئے حلوں کو سامنے آتا دیکھنے کے لیے ہم پرجوش ہیں جو کہ ہمیشہ تبدیلی کا شکار موسم میں حصہ ڈالتے ہوں اور شدید گرمی کے اوقات میں گرڈ کی طلب میں کمی کرتے ہوں۔"

<u>راؤنڈ 2 - 13$ ملین اب دستیاب ہیں</u>

راؤنڈ 2 کے ذریعے، NYSERDA دو شعبہ جات میں آزمائشوں سے نمٹنے کے لیے نجی کمپنیز، تحقیقاتی ادارہ جات اور دیگر تنظیموں سے ایسے پروپوزلز کا متقاضی ہے جو ہیٹ آئی لینڈز اور پسماندہ کمیونٹیز میں عمارتوں سے اخراج سے نمٹتے ہوں:

- **شدید گرمی کے لیے گرین کولنگ میں جدّت -** ایسے ٹولز، ٹیکنالوجیز اور حکمت عملیوں پر تحقیق، تیاری اور نمائش کے لیے 5.5$ ملین دستیاب ہیں تاکہ بالواسطہ کولنگ کے لیے قدرت پر مبنی نقطہ نگاہ سے مطابقت اور فائدہ اٹھانے کے عمل میں اضافہ کیا جائے، جس میں محروم، گرمی کے حوالے سے خطرے سے دوچار کمیونٹیز کو ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ ریاست نیو یارک بھر میں گرین انفرا اسٹرکچر کو وسیع تر پیمانے پر پھیلانے اور اس کی موثریت کو تحریک دی جائے۔
- **کاربن نیگیٹیو بلڈنگز میں جدّت -** ریاست نیو یارک میں ایسی کاربن نیگیٹیو پروڈکٹس کی نمائش، انہیں متعارف کروانے اور پھیلانے کے لیے 7.5$ ملین دستیاب ہیں جو عمارتوں میں توانائی کے موثر استعمال میں معاونت کرتے ہیں۔ پروجیکٹس مارکیٹ میں نمو کے امکان کا تخمینہ لگائیں گے، مقامی خام مال کے ذریعے مقامی سطح پر مصنوعہ کاری میں سہولت اور مقامی کمیونٹیز کو دیگر فوائد کا جائزہ لیں گے۔

درخواستیں **20 اگست 2024، سہ پہر 3:00 بجے بمطابق EST** [قبول کی جائیں گی](). تخمینے کے طریقۂ کار، بشمول یہ بیان کرنے کے تقاضے کہ ایک مجوزہ سرگرمی کس طرح تنوع، مساوات اور ہمہ گیر شمولیت کی معاونت کرتی ہے، مطالبے میں دیکھے جا سکتے ہیں۔
اس بارے میں ایک معلوماتی [ویبینار]() **23 جولائی 2024 کو دوپہر 1:00 تا سہ پہر 3:00 بمطابقEST** منعقد کیا جائے گا تاکہ آزمائش، پروپوزل اور پروجیکٹ کے تقاضوں اور درخواستی عمل کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم کی جا سکیں۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا کہ، "آج گورنر Hochul کی جانب سے جن 8.5$ ملین کا اعلان کیا گیا ہے، وہ ریاست نیو یارک بھر میں موسم کو تبدیل کرنے والی آلودگی کو کم کرنے کے لیے تنظیموں، تحقیقاتی اداروں اور نجی کمپنیز کو اپنی کوششوں کا سلسلہ آگے بڑھانے میں مدد دیں گے اور نیو یارک کے مکینوں کو ہمارے تبدیل ہوتے موسم کے سبب ہونے والی شدید گرمی سے بچانے میں مدد دیں گے۔ نیچرل کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج کے ذریعے، ریاست نیو یارک ہماری کمیونٹیز اور ہماری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے کے لیے سرمایہ کاری کر رہی ہے، اور ایک صاف تر اور سرسبز تر مستقبل کو یقینی بنانے میں مدد کر رہی ہے۔"

ریاست نیو یارک میں دفتر برائے خدماتِ عامہ کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا کہ، "آج گورنر Hochul کی جانب سے جس فنڈنگ کا اعلان کیا گیا ہے، وہ ایسے پروجیکٹس میں معاونت کرے گی جن کا مقصد تعمیر شدہ ماحول میں موجود کاربن فٹ پرنٹ میں کمی کے لیے نئی پروڈکس اور حکمت عملیوں پر کام کو آگے بڑھانا ہے۔ OGS کو سرکاری اور نجی شعبوں کے ادارہ جات میں بڑھتے ہوئے تعاون کا حصہ بننے پر فخر ہے، جو کہ ایسی ٹیکنالوجیز کے لیے تحقیق اور تیاری میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں کہ جن کا نتیجہ سب کے لیے ایک صاف تر اور صحت مند تر ریاست نیو یارک کی صورت میں نکلے گا۔"

یہ پیش رفت موسمیاتی تبدیلی کے خلاف ریاست کی مزاحمت میں اضافے کے لیے جامع حکمت عملی کا حصہ ہے، جس میں گورنر Hochul کی جانب سے ویٹی کن میں 'موسمیاتی بحران سے موسمیاتی مزاحمت تک' نامی اجلاس میں شرکت کے موقع پر موسمیاتی مزاحمت کے ضمن میں تقریباً 300$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان شامل ہے۔ مزید برآں محکمۂ ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) اور NYSERDA ایک ایسے شدید گرمی کے خلاف ایکشن کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں جو پسماندہ کمیونٹیز، ملازمتی علاقوں اور ریاست بھر میں تفریحی زونز پر پڑنے والے شدید گرمی کے اثرات سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرے گا۔
NYSERDA نے نیو یارک کی جانب سے ایک اعلان بھی جاری کیا تھا جو پوری معیشت کی سطح پر کاربن کے خاتمے کے ریاستی ہدف کی تکمیل کی خاطر، کم تخفیف اور کاربن جذب کرنے کی ٹیکنالوجیز کو تیز رفتار بنانے والے جدّت کاروں اور کمپنیز کی معاونت کے لیے نیو یارک کی جانب سے تحقیق، تیاری اور کمرشلائزیشن میں سرمایہ کاریوں کو ترجیح کے بارے میں بتاتا تھا۔ NYSERDA کا جدّت آمیز پروگرام 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ریپ اراؤنڈ کمرشلائزیشن سپورٹ کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مقرر کر رہا ہے۔ NYSERDA کی جانب سے ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کے ضمن میں سرمایہ کاریوں کے نتیجے میں نجی سرمایہ کاریوں میں 680$ ملین سے زائد جبکہ پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین پیدا کیے گئے ہیں، نیز 450 سے زائد اختراعی کلین انرجی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جن میں LED لائٹنگ سسٹمز، گھریلو آلات، زیادہ دیر تک چلنے والی بیٹریاں، اور زیادہ موثر حرارت اور ٹھنڈک کے سسٹمز شامل ہیں۔

اس پیش رفت کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین مالیتی کلین انرجی فنڈ اور علاقائی گرین ہاؤس گیس پیش رفت (Regional Greenhouse Gas Initiative, RGGI) کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ اس تبدیلی کا ایک بنیادی نشان، نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی میں بے مثال سرمایہ کاریاں ہے جن میں ریاست بھر میں 61 بڑے پیمانے پر قابل تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری، عمارتوں سے اخراج میں کمی کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی میں اضافے کے لیے 3.3$ بلین، صاف ذرائع آمد و رفت کی پیش رفتوں اور 130 سند یافتہ موسمیاتی اعتبار سے مستعد کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی کی حامل کمیونٹیز، نیز ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں کمیونٹی کی ہوا کی نگرانی کے لیے ریاست کی سب سے بڑی پیش رفت کے لیے تقریباً 3$ بلین شامل ہیں تاکہ فضائی آلودگی کو نشانہ بنانے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں